# سلک بینک لمیٹڈ

## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے سلک بینک لمیٹڈ (بینک) کا ایک غیر معمولی سالانہ اجلاس عام (EOGM)، 11 اگست، 2017 کو صبح 10:30 بجے، بمقام سیرینا ہوٹل، اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔

**عمومی امور**

1۔ مورخہ 30 مارچ، 2017 کو منعقد شدہ بینک کا 23 ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ تین سال کی مدت کے لیے ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ مورخہ 27 اپریل، 2017 کو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس میں ڈائریکٹرز کی تعداد نو (09) مقرر کی۔ مندرجہ ذیل نو (09) ڈائریکٹرز کی مدت 12 اگست، 2017 کو ختم ہو جائے گی:

1۔ جناب منور حامد، OBE
2۔ جناب عدنان آفریدی
3۔ جناب خالد عزیز مرزا
4۔ جناب نسیم بیگ
5۔ جناب صادق سعید
6۔ جناب شمس الحسن
7۔ جناب طلحہ سعید احمد
8۔ جناب طارق اقبال خان
9۔ جناب زبیر نواز چھتہ

**خصوصی امور:**

1۔ مندرجہ ذیل قراردادوں کی مع اور بغیر کسی ترمیم، اضافے یا تحریف بطور خصوصی قرارداد منظوری دینا:

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وضاحت شدہ عدم دستیابی کے پراسیکٹ کی وقوع پذیری پر TFCs کی بینک کے عمومی حصص میں تبدیلی۔

طے کیا گیا کہ

سلک بینک لمیٹڈ ("بینک") کی طرف سے جاری کردہ 2,000,000,000 روپے (بشمول 500,000,000 روپے تک کا گرین شو آپشن) کے ڈرم فنانس سرٹیفکیٹ انٹرسٹ ("TFCs") کے لحاظ سے، برطانی ٹرسٹ ڈیڈ کی شرائط مؤرخہ 19 جون، 2017 اور پاکستان میں Basel III کے اطلاق کے لیے ہدایات (Basel III قوانین) کے تحت اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق جو کہ BPRD سرکلر نمبر 6 مؤرخہ 15 اگست، 2013 کے تحت جاری کیا گیا، جو نقصان کی برداشت کے مطابق وقتاً فوقتاً ترمیم کیا گیا، اسٹیٹ بینک آف پاکستان عدم استحکام کے پراسیکٹ (PONV) کی وقوع پذیری پر TFCs کی بینک کے عمومی حصص میں تبدیلی کا استحقاق استعمال کرتا ہے۔ اس طرح کے عمومی شیئرز کیپیٹرز ایکٹ، 2017 ("اضافی حصص") کے قابل اطلاق شرائط کے مطابق بذریعہ استحقاق جاری کیے جائیں گے۔

مزید طے کیا گیا کہ

اس طرح کے اضافی حصص کا اجراء SBP کی جانب سے اعلان شدہ PONV کی مقررہ تاریخ پر بینک کے حصص کی مارکیٹ میں موجود مالیت کی بنیاد پر کیا جائے گا، جو کہ 1,238,390,093 حصص کے کیپ (Cap) سے مشروط ہوگا۔ (ایک بلین دو سو اڑتیس ملین تین لاکھ نوے ہزار اور تیرانوے) اضافی عمومی حصص 1.615 پاکستانی روپے (مثلاً: 8.385 پاکستانی روپے فی حصص کی عمومی مالیت پر زیادہ سے زیادہ رعایت) کے کم از کم حصص کے نرخ کے نتیجے میں جاری کیے جائیں یا SBP کی مشاورت اور رضامندی سے دیگر عدد جاری کیا جائے۔

مزید طے کیا گیا کہ

کیپیٹرز ایکٹ 2017 کے سیکشن 82 اور دیگر قابل اطلاق شرائط اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اصولوں اور ضابطوں کے مطابق، جو قابل اطلاق ہو سکتے ہیں، اضافی حصص کا اجراء تمام ضروری منظوریوں بشمول (تاہم اس تک محدود نہیں) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی منظوری سے مشروط ہوگا۔

مزید طے کیا گیا کہ

بینک کے صدر، سی ای او یا کمپنی سیکرٹری کو بذریعہ ہذا انفرادی طور پر مذکورہ بالا ہر تمام ضروری، ذیلی اور ضمنی رحقلقہ اقدامات اٹھانے کا مجاز قرار دیا جاتا ہے، نیز انہیں مزید اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ بینک کی جانب سے تمام ضروری دستاویزات، معاہدے اور مراسلوں پر موزوئیت مذکورہ بالا مقاصد کی ضرورت کے مطابق دستخط کرنے اور ان کی انجام دہی کے مجاز ہیں۔

مزید طے کیا گیا کہ

کمپنی سیکرٹری اور کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو مشترکہ اور یا انفرادی طور پر TFCs کے اجراء کے حوالے سے تمام ضروری، ذیلی اور ضمنی رحقلقہ اقدامات اٹھانے کے مجاز قرار دیا جاتا ہے، تاہم یہ امر تمام مطلوبہ قواعد کی منظوریوں کے حصول، قانونی مشاورت، تمام مطلوبہ انیکچوئری فارمز کو جمع کرانے اور SECP میں جمع کرائے جانے والے تمام مطلوبہ دیگر دستاویزات، اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کو مطلوب اس طرح کی تمام دستاویزات، اس قسم کی تمام اسناد، درخواستوں، اطلاعات، رپورٹس، مراسلوں اور دیگر دستاویزات یا انسٹرومنٹ بشمول TFCs کے رعایت پر اجراء کے حوالے سے مطلوب کسی بھی جاری دستاویز میں کوئی بھی ترمیم یا تبادل دینے اور اس پر دیگر تمام رحقلقہ یا ذیلی معاملات تک محدود نہیں ہے۔

2۔ مندرجہ ذیل خصوصی قراردادوں پر غور اور اگر موزوں تصور کیا جائے تو جمع یا بغیر ترمیم اس کی منظوری دینا

بینک کے منسلک ادارے میں ایکویٹی کی سرمایہ کاری

طے کیا گیا کہ

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 199 کی شرط کی زد سے بینک کے مطابق بذریعہ ہذا اور بینک کے اراکین کی منظوری سے، بینک کو اپنے منسلک ادارے SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ میں -/10 روپے فی حصص کی پیش کردہ قیمت پر 1,153,692 رائٹ شیئرز کی سبسکرپشن کے لیے -/11.563 ملین روپے کی اضافی ایکویٹی کی سرمایہ کاری کرنا ہے، جو کہ SPI انشورنس لمیٹڈ کے 50 ملین روپے کی مجموعی رقم کے 12.195% کے حوالے سے ہے، بشرطیکہ اراکین کو بتائی گئی شرائط و ضوابط کے مطابق تمام طریقوں سے SPI انشورنس کمپنی لمیٹڈ کے موجودہ عمومی شیئرز کے ساتھ Pari Passu کا درجہ دیا جائے گا۔

مزید طے کیا گیا کہ

کمپنی سیکرٹری کو تمام کام، معاہدے اور چیزیں کرنے، تمام قانونی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے کسی بھی قسم کے یا تمام ضروری اقدامات کی انجام دہی نیز مذکورہ بالا قراردادوں کے اطلاق کے حوالے سے ضروری یا ذیلی اقدامات کے لیے تمام ضروری دستاویزات جمع کرانے کا اختیار دیا گیا ہے۔

3۔ چیئرمین کی اجازت سے اجلاس میں پیش کئے جانے والے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
عثمان نوید چوہدری
کمپنی سیکرٹری / گروپ ہیڈ آف لیگل اینڈ کمپلائنس

کراچی،
20 جولائی، 2017

**نوٹس:**

1۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت اسٹیٹمنٹ، جس میں ان مادی حقائق کو ترتیب دیا گیا جس کے تحت خصوصی کاروبار کی انجام دہی کی جائے گی، یہ اسٹیٹمنٹ، نوٹس کے ہمراہ ممبران کو بھیج دی گئی ہے

2۔ اجلاس میں شرکت:
بینک کے تمام ممبران اجلاس میں شرکت کے اہل ہیں اور اپنا ووٹ ذاتی طور پر یا بذریعہ پراکسی دے سکتے ہیں۔ باقاعدہ مقرر کی گئی پراکسی کو اجلاس کے دوسرے ممبران کی طرح اجلاس میں بولنے اور ووٹنگ کا اختیار حاصل ہوگا۔ پراکسیز کو اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

ممبران، کراچی، لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور اور کوئٹہ میں ووٹنگ کا نظرثانی فیسلیٹی بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں، برائے مہربانی ووٹنگ کا نظرثانی فیسلیٹی کی اجازت کے لیے منسلکہ فارم پُر کریں اور اسے اجلاس عام کے انعقاد سے 7 دن قبل بینک کے رجسٹر شدہ پتے پر جمع کروا دیں۔

اگر بینک اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 7 دن قبل اجلاس میں بذریعہ ووٹنگ کا نظرثانی شرکت کے لیے ان ممبران سے اجازت نامہ حاصل کرتا ہے جو مجموعی 10% یا اس سے زائد کی شیئر ہولڈنگ رکھتے ہیں اور ایک جغرافیائی لوکیشن پر رہائش پذیر ہیں تو بینک اس شہر میں ووٹنگ کا نظرثانی فیسلیٹی کا انتظام کرے گا جو کہ اس شہر میں اس سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔

بینک اجلاس عام سے 5 دن قبل ممبران کو ووٹنگ کا نظرثانی فیسلیٹی کے مقام کے بارے میں آگاہ کرے گا اور ساتھ ہی اس سہولت تک رسائی کے لیے اہم معلومات بھی فراہم کرے گا۔

3۔ پراکسی کی تقرری:
وہ ممبر جو غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہے وہ اس بات کا بھی اہل ہے کہ اپنی جگہ کسی اور ممبر کو شرکت اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی مقرر کردے۔ کارپوریشن بطور ممبر کسی کو بھی اپنی پراکسی مقرر کر سکتی ہے چاہے وہ اس کا کوئی آفیشل ہو یا کوئی اور شخص یا پھر وہ ممبر، بینک کا ہولڈر ہو۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز / قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط (تاہم بینک کو پہلے سے فراہم شدہ ہو) اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوں گے۔ موثر پراکسی کے لیے باقاعدہ پُر کیا ہوا اور دستخط شدہ پراکسی فارم بینک کے رجسٹرڈ آفس یعنی F-7/13-L مرکز، اسلام آباد پر اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل موصول ہو جانا چاہیے۔

4۔ ممبران جو اپنے حصص سی ڈی سی میں جمع کروا چکے ہیں، انہیں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 میں درج گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا۔

اجلاس میں شرکت کے لیے:

i) انفرادی شخص کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جس کے رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی کے قواعد کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز / قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط (تاہم بینک کو پہلے سے فراہم شدہ ہو) پیش کیے جائیں گے۔

5۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے:

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1) 159 کے تحت، بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد 9 مقرر کی ہے۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 159 کے تحت کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹر کی نشست کے لیے انتخاب لڑنا چاہتا ہو خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا دیگر، اپنے آپ کو بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لیے پیش کرنے کا ایک اطلاعی نوٹس بینک کے ساتھ اجلاس ہذا کی تاریخ سے کم از کم 14 یوم قبل رجسٹرڈ آفس میں بھیجے گا جس میں درج ذیل دستاویزات ہوں گی:

ا۔ الیکشن میں خود کو بطور ڈائریکٹر پیش کرنے کے ارادے کے اظہار کا نوٹس۔ یہ بتایا گیا ہے کہ کوئی بھی شخص، کسی بھی وقت انتخاب منعقد ہونے سے قبل یہ نوٹس واپس لے سکتا ہے۔

ب۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے مطابق بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی اجازت

ج۔ ایس ای سی پی (SECP) کے ایس آر او (1) 25 بتاریخ 16 جنوری 2012 کے تحت درکار مفصل پروفائل مع آفس کا پتہ

د۔ اقرار نامہ جو تصدیق کرے کہ:

i) کمپنیز ایکٹ 2017، میمورنڈم اینڈ آرٹیکل آف ایسوسی ایشن، اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت وہ ڈائریکٹر کے فرائض سے آشنا ہے۔

ii) وہ اس آفس کو رکھنے کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی کسی بھی مجوزہ پیش بندیوں یا شرائط کی خلاف ورزی نہیں کرتا ہے / کرتی ہے۔ مزید یہ کہ وہ شخص اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جاری کردہ یا جاری کی جانے والی تمام ہدایات بشمول سرکلرز، نوٹیفکیشنز، ڈائریکٹرز، لیٹرز، ہدایات اور دیگر احکامات پر مکمل عمل کرتا ہے / کرتی ہے۔

iii) وہ کسی بھی قابل اطلاق قوانین، قواعد و ضوابط کے تحت کمپنی کے ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہیں۔

iv) وہ 7 سے زائد کمپنیوں بشمول اس کمپنی میں بطور ڈائریکٹر اپنی خدمات انجام دے رہا / رہی ہو اور نہ ہی لسٹڈ ہولڈنگ کمپنیوں کی ذیلی لسٹڈ کمپنیوں کی ڈائریکٹر شپ میں خدمات انجام دے رہے ہوں۔

مزید برآں اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) 2007 کے بی پی آر وی سرکلر نمبر 4 بتاریخ 23 اپریل، 2007 کی رو سے فٹ اینڈ پراپر ٹیسٹ (FPT) پر ڈائریکٹر کے تقرر کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے منظوری تحریری کلیئرنس کی ضرورت ہے نیز بینک کے ڈائریکٹرز کی تقرری کے لیے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی اجازت کو حصول مذکورہ بالا سرکلر میں دیئے گئے پروفارما، سٹف اینڈ پراپر ٹیسٹ) میں مطلوب معلومات کے ساتھ بینک کے ذریعے عمل میں لایا جائے۔ برائے مہربانی مکمل پروفارما اور دیگر دستاویزات کی نقول اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پاس اجراء کے لیے اجلاس ہذا کی تاریخ سے چودہ یوم قبل لازمی طور پر بینک میں جمع کروا دی جائیں۔

6۔ پتے میں تبدیلی:
ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے رجسٹرڈ پتوں میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس مین شاہراہ فیصل کراچی 74400 کو مطلع کریں۔

Call: 111-007-455

SILKBANK
Yes we can

---

افغان باقی کہسار باقی الحکم للہ المُلک للہ

☆☆ عالمی و قومی خبریں ☆☆

## ایک اور افغان خاتون درتاج ضلعی گورنر تعینات

### لاگر بجوایٹ اور سابق سکول ٹیچر صوبہ فریاب میں فرائض انجام دینگی

کابل (نیٹ نیوز) افغان حکومت نے ایک اور خاتون ہتاج عارق کو ولیہ منشر یو ضلعی گورنر تعینات کر دیا گیا۔ وہ صوبہ فریاب میں فرائض انجام دیں گی۔ وہ کل دریں صوبائی کونسل کی رکن تھیں۔ خواتین کی سیاست میں کردار کو بڑھانے کے اقدامات کے تحت انکی تعیناتی عمل میں آئی ہے۔ انہوں نے لاگر بجوایٹ کر رکھی ہے۔ سکول ٹیچر کے طور بھی خدمات سرانجام دیں۔ صوبہ فریاب میں خدمات سرانجام دیتی رہیں۔ صدر اشرف غنی نے حکومت اور میں خواتین کے کردار کو بڑھانے کا عزم کر رکھا ہے۔

## شامی علاقے رقہ میں داعش پر بمباری، 30 شہری مارے گئے

### شام کی سرحد پر دہشتگرد تنظیم کے خلاف فوجی کارروائی جاری رکھیں گے: لبنانی وزیراعظم

بیروت (اے پی پی) لبنانی وزیراعظم سعد الحریری نے کہا ہے کہ فوج شام کی سرحد کے نزدیک علاقے میں داعش کے خلاف کارروائی جاری رکھے گی۔ اے پی پی کے مطابق لبنان نے پارلیمنٹ میں بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ جو دہشتگرد سرحد کے علاقے میں اس فوجی کارروائی کی بڑی احتیاط سے منصوبہ بندی کی گئی ہے اور حکومت نے فوج کو آزادی سے کارروائی کی اجازت دی ہے۔ شام کے علاقے رقہ میں داعش کے ٹھکانوں پر امریکی اتحادی طیاروں نے بم گرائے جس سے 30 شہری مارے گئے۔ جنہیں داعش کے کنٹرول میں ہے۔

## ایران پر پابندیاں بے بنیاد، عالمی قوانین کیخلاف ہیں، چین کا امریکہ سے احتجاج

### مسئلہ مزید الجھ جائے گا: وزارت خارجہ، جوہری معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کی، وزیر خارجہ جواد ظریف

بیجنگ (نیوز ایجنسیاں) چین نے امریکہ کی جانب سے ایران پر عائد پابندیوں پر احتجاج کیا ہے۔ امریکہ کی جانب سے 18 مختلف کمپنیوں کی مصنوعات پر پابندی عائد کی ہے جو کمپنیاں کسی نہ کسی صورت میں ایرانی بیلسٹک میزائل پروگرام کی ترقی و توسیع میں معاون تھیں ان میں کچھ چینی کمپنیاں بھی ہیں جو ایران میں کاروبار میں مصروف تھیں۔ معروف چینی روزنامہ گلوبل ٹائمز کے مطابق چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لوکانگ نے میڈیا بریفنگ میں کہا ہے کہ چین نے امریکہ کی طرف سے لگائی جانے والی پابندیوں پر احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ پابندیاں بے بنیاد ہیں۔ معاملہ کو الجھانے کا باعث بنیں گی۔ بین الاقوامی مسائل کو پابندیاں یا طرف سیاسی و سفارتی ذرائع سے ہی حل کر سکتی ہیں۔ ایرانی وزیر خارجہ جواد ظریف نے کہا امریکی خلاف ورزیاں جاری رہیں تو مشترکہ ایکشن پلان سے دستبردار ہو جائیں گے۔ ایٹمی معاہدے پر مکمل عملدرآمد کیا۔ خلاف ورزی نہیں کی۔ پابندیاں لگانے سے کچھ نہیں ہوگا۔

## امریکی دباؤ پر بجٹ میں کٹوتی کانگو میں اقوام متحدہ کا امن مشن کے 5 بیس بند کرنے کا اعلان

کنشاسا (اے ایف پی) اقوام متحدہ نے افریقی ملک جمہوریہ کانگو میں 15 امن مشن کے 5 بیس بند کرنے کا اعلان کر دیا۔ امریکی دباؤ کے بعد بعض ممالک کی طرف سے بجٹ میں کٹوتی وجہ بتائی جا رہی ہے۔ رواں ماہ کے آخر تک تمام اڈے بند کر دیے جائیں گے۔

## جرمنی میں ٹرمپ کی پیوٹن سے 2 بار خفیہ ملاقات ہوئی: وائٹ ہاؤس

### جی 20 اجلاس کے موقع پر ہونیوالی رسمی ملاقات 2 گھنٹے جاری رہی، امریکی ایکشن میں مبینہ روسی مداخلت پر بھی گفتگو ہوئی

برطانیہ: کارنیوال اور ایون کا ٹرین کے دورے کے دوران لوگوں سے ملاقات کے دوران کتا شہزادہ چارلس کی پیشانی چاٹ رہا ہے

واشنگٹن (اے پی پی) وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور روسی ہم منصب صدر پوٹن کے درمیان جرمنی میں ہونے والی جی 20 کے سربراہی اجلاس کے موقع پر دو بار خفیہ ملاقات ہوئی تھی۔ برطانوی اشریٹی ادارے کے مطابق جی 20 سربراہی اجلاس کے موقع پر دونوں اعلیٰ عہدیداروں کے درمیان رسمی ملاقات دو گھنٹے تک جاری رہی جس میں دیگر مسائل کے علاوہ امریکی انتخابات میں روس کی مبینہ مداخلت کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا۔ ہیمبرگ میں جی ٹوئنٹی اجلاس کے دوران ہی کھانے پر ہوئی۔

### فرانس: سینٹ نے نئے انسداد دہشتگردی قانون کی منظوری دیدی

پیرس (آن لائن) فرانس کی سینٹ نے نئے انسداد دہشتگردی قانون کی بھاری اکثریت سے منظوری دیدی۔ نئے قانون کے تحت 2015 کے پیرس دہشتگرد حملوں کے بعد ملک میں نافذ ہنگامی حالت کا خاتمہ کیا جائیگا یہ بل اکتوبر میں ایوان زیریں میں منظوری کیلئے پیش کیا جائیگا۔

### باغیوں سے جھڑپ فلپائنی صدر کے 4 محافظ زخمی

منیلا (اے ایف پی) فلپائن کے شورش زدہ علاقے اور جزیرے، منڈانو میں کمیونسٹ باغیوں سے جھڑپ میں صدر رودرگو ڈیوٹرے کے 4 محافظ شدید زخمی ہو گئے، ملزم فرار ہو گئے۔ کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

### ایران کیلئے جاسوسی، حملے کا منصوبہ سعودی عرب میں 2 اساتذہ پر فرد جرم عائد

ریاض (نوائے وقت رپورٹ) سعودی عرب میں 2 اساتذہ پر ایران کے لئے جاسوسی اور حملے کی منصوبہ بندی کی فرد جرم عائد کر دی گئی۔ سعودی اخبار کے مطابق ملزم ملک کے بڑی پاپ ایران کو پہنچانے کی منصوبہ بندی میں ملوث ہیں۔

### امریکہ کی جلد وینزویلا پر مزید پابندیاں عائد کرنے کی تیاری

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ وینزویلا پر مزید پابندیاں عائد کرنے کی تیاریاں کر رہا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے ایک ترجمان نے کہا کہ ہمارا زور آئینی اصلاحات سے باز رکھنے کے لئے دباؤ ڈالنا چاہتے ہیں۔

## محمود عباس کی ملاقات سے فلسطین کو خود مختار علاقہ تسلیم، سیاسی حل نکالنے کیلئے کردار ادا کرنے پر تیار ہیں، چینی صدر

### مشرقی مقبوضہ بیت المقدس کو دارالحکومت اور 1967 کی سرحد بندی کو بھی تسلیم کیا جائے: فلسطینی ہم منصب سے گفتگو، شی جن پنگ کیلئے فلسطین کا اعلیٰ ترین اعزاز

بیجنگ (این این آئی) چین نے فلسطین کو مسئلہ کا سیاسی حل نکالنے کے لئے خدمات کی پیشکش کی ہے اور کہا ہے کہ اس دیرینہ مسئلے کا ایسا سیاسی حل نکالا جائے جو دونوں طرف کے لئے قابل قبول ہو۔ چین کی سرکاری ذرائع ابلاغ کے مطابق چینی صدر شی جن پنگ نے اپنے فلسطینی ہم منصب محمود عباس سے ملاقات میں فلسطین اور اسرائیل کے مابین جاری دیرینہ مسئلے کے حل کیلئے کردار ادا کرنے کی پیشکش کی ہے۔ چینی صدر نے کہا مسئلہ فلسطین کا ایسا سیاسی حل تلاش کیا جانا چاہیے جو دونوں طرف کی عوام اور حکومتوں کو قابل قبول ہو۔ چین فلسطینیوں کی آزادی و خودمختاری کا حامی ہے اور فلسطین کی اس سلسلہ میں مدد جاری رکھے گا۔ صدر شی جن پنگ نے کہا مشرقی مقبوضہ بیت المقدس کو دارالحکومت اور 1967 کی سرحد بندی کو تسلیم کرتے ہوئے فلسطین کو آزاد خودمختار ریاست تسلیم کیا جائے۔ صدر محمود عباس نے صدر شی جن پنگ کو فلسطین کا اعلیٰ ترین اعزاز عطا کیا۔

### بھارت کشمیریوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ رہا ہے: غلام حسین، خالصتان تحریک کی حمایت

کوئٹہ سٹی (عبدالشکور بلوچ حسین) سابق وفاقی وزیر اور وفاقی تعلیم کے ریٹائرڈ سائنسدان چارلس ڈارون کے نظریہ ارتقا کو مسترد کرتے ہوئے سے تعلیمی نصاب کا اعلان کر دیا جو 2017 کے تعلیمی سال سے نافذ ہوگا۔ ترک وزیر تعلیم عصمت ملازکا کہنا تھا کہ ڈارون کے نظریہ ارتقا کے

## انسانی حقوق کارکن کی گرفتاری، جرمنی نے ترک سفیر کو طلب کر لیا

### ترک حکومت نے نئے تعلیمی نصاب کا اعلان کر دیا، چارلس ڈارون کا نظریہ ارتقا مسترد

انقرہ (آن لائن/اے این پی) ترک حکومت نے نئے تعلیمی نصاب میں مشہور سائنسدان چارلس ڈارون کے نظریہ ارتقا کو مسترد کرتے ہوئے نئے تعلیمی نصاب کا اعلان کر دیا جو 2017 کے تعلیمی سال سے نافذ ہوگا۔ ترک وزیر تعلیم عصمت ملازکا کہنا تھا کہ ڈارون کے نظریہ ارتقا کے مطابق کچھ جانور کو پہلے سے سائنسی نصاب سے الگ کیا جا چکا ہے لیکن اب یونیورسٹی تک چارلس ڈارون کے نظریے کو نہیں پڑھایا جائے گا۔ انسانی حقوق کے کارکن کی گرفتاری پر جرمنی نے ترک سفیر کو طلب کر لیا اور اپنی کا مطالبہ کیا ہے جرمن چانسلر نے بھی تشویش کا اظہار کیا ہے۔

### فلسطین کی آزادی کیلئے کردار ادا کریں اسرائیلی قید میں فلسطینی رہنما برغوثی کا ایوان بالا اور ایشیائی پارلیمان کو خط

اسلام آباد (صباح نیوز) اسرائیلی قید میں فلسطینی رکن مروان برغوثی نے آزادی پسندوں پر اسرائیلی فوج کے غیر آئینی اور غیر قانونی مظالم کے خلاف سینیٹ آف پاکستان سمیت تمام پارلیمنٹ پارلیمان کو خط لکھ دیا فلسطین کی آزادی سے کردار ادا کرنے کی اپیل کی گئی آزادی کی تحریک کو کچلنے کیلئے اسرائیلی فوج کی بربریت اور دہشت گردی اور تشدد کا جواب کر کیا گیا ہے۔

### امریکہ نے سعودی ایئر لائنز کے طیاروں میں بھی لیپ ٹاپس لے جانے پر پابندی ہٹالی

ریاض (اے ایف پی) ترکی ایئر لائنز کے ایک بعد پرواز لینے ہوئے سعودی ایئر لائنز کے طیاروں میں بھی لیپ ٹاپس اور برقی آلات لے جانے کی پابندی ہٹا دی۔ ترجمان سول ایوی ایشن نے سعودی حکام کو آگاہ کیا امریکی ایم نے ریاض اور جدہ ایئر پورٹس کے دورے کے بعد سیکیورٹی کلیئرنس دی ہے۔

### صحرا میں پیاس سے دم توڑنے والے باپ بیٹے کی نعشیں مل گئیں

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں حضرت الباطن کے صحرا میں پیاس سے دم توڑ جانے والے کویتی شہری اور اس کے بیٹے کی نعشیں مل گئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق محکمہ من سرچ اینڈ ریسکیو ٹیم نے بتایا کہ کویتی شہری کی گاڑی گہری ریت میں پھنس گئی تھی جس کے بعد شدید گرمی کے نتیجے میں باپ اور بیٹا بے جان ہو گئے۔

### سعودی عرب: سکرٹ پہنے گھومنے والی خاتون بغیر کارروائی کے رہا

دبئی (اے ایف پی) سعودی عرب کے تبوک علاقے کی سیر کے دوران سکرٹ پہن کر گھومنے والی خاتون کو بے قصور کر دیا گیا ہے۔ ملزمہ نے ریاض کے شمالی علاقے میں تبوک قلعہ منظر کے دورے پر قدم رکھا تھا۔

### گھانا کی پارلیمنٹ میں اچانک آگ لگ گئی

آکرا (اے ایف پی) گھانا کی پارلیمنٹ میں اچانک آگ لگ گئی۔ حالی ذرائع ابلاغ کے مطابق قومی محکمہ فائر بریگیڈ سروس نے بتایا کہ آگ جو 600 کمپیوٹرز کی 10 ویں منزل کے پرنٹنگ روم میں لگی۔

## دہشتگردوں کی شہریت ختم، پاسپورٹس منسوخ، روسی پارلیمنٹ نے بل کی منظوری دیدی

### اپریل میں سینٹ پیٹرز برگ میں میٹرو سٹیشن پر خودکش حملے کے بعد ہنگامی اقدامات کئے گئے

ماسکو (اے ایف پی) اپریل میں سینٹ پیٹرز برگ میٹرو سٹیشن پر خودکش حملے کے بعد روس نے حفاظتی اقدامات کے تحت منصوبے کا اعلان کر دیا ہے۔ ارکان پارلیمنٹ نے ایک بل کی منظوری دیدی جس کے تحت دہشتگردی میں ملوث افراد کی شہریت اور پاسپورٹس منسوخ کر دیئے جائیں گے۔ تیسری خودکشی کے بعد ایوان زیریں نے منظوری دی۔ صدر پوٹن نے کہا انتظامیہ کو دہشتگردوں سے نمٹنے کا اختیار مل گیا ہے۔ حالات بہتری کی امید ہے، صدر کے دستخط کے بعد اسے تسلیم کر لیا جائیگا۔

### کانگو میں مقیم بھارتی بزنس مین کو بازیاب کرا لیا گیا: سشما سوراج کا دعویٰ

نئی دہلی (آن لائن) بھارتی وزیر خارجہ سشما سوراج نے کہا ہے کہ کانگو میں اغوا ہونے والے بھارتی شہری کو بازیاب کرا لیا گیا ہے۔ بھارتی بزنس مین رائل ہیمبیانی کو 23 جون کو کشاسا میں مبینہ طور پر مسلح افراد کی جانب سے اغوا کیا تھا۔

### اسرائیلی پارلیمنٹ میں ذرائع ابلاغ کا گلا گھونٹنے کا نیا بل منظور

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی پارلیمنٹ نے بل کی منظوری دی ہے جس میں انٹرنیٹ سروس فراہم کرنے والی کمپنیوں کو پابند بنایا گیا وہ نشر کردہ کی کاپی چار چار ہفتے تک محفوظ رکھیں گی۔ یہ بل ذرائع ابلاغ کی آزادی کو سلب کرنے کی کوشش ہے۔

### ایس۔400 دفاعی نظام کی خریداری کیلئے روس سے مذاکرات جاری ہیں: ترک وزیر دفاع

انقرہ (اے پی پی) ترک وزیر دفاع فکری ایشک نے کہا ہے کہ روس کے ساتھ ایس۔400 سسٹم کے میزائل نظام کا معاہدہ اس وقت زیر غور ہے۔ فکری ایشک نے کہا اس معاہدے پر دستخط فی الحال نہیں ہوئے ہیں مگر مذاکراتی عمل جاری ہے۔

### برطانیہ: ڈاکٹروں نے آپریشن کر کے 67 سالہ خاتون کی آنکھ سے 27 کانٹیکٹ لینز نکال دیئے

لندن (اے پی پی) برطانیہ میں اپنی نوعیت کے ایک انوکھے آپریشن میں 67 سالہ خاتون کی آنکھ کے اندر موجود 27 کانٹیکٹ لینز نکال دیئے گئے۔ خاتون نے اپنی دائیں آنکھ میں شدید خارش کی شکایت کی تھی۔


## اطلاع عام

ہم اپنے معزز صارفین کو مطلع کرتے ہیں کہ بینک الفلاح لمیٹڈ، گلبرگ کارپوریٹ برانچ واقع بمقام 125 E/1، گلبرگ III، لاہور نئے پتے پر 19 اگست 2017 کو منتقل ہو رہی ہے۔

بینک الفلاح لمیٹڈ - گلبرگ کارپوریٹ برانچ
115 E/1، حالی روڈ، گلبرگ III، لاہور
برانچ کوڈ: 0028

کسی بھی قسم کی معاونت کے لئے، براہ مہربانی رابطہ کریں:
محمد عظیم خان، منیجر آپریشنز
فون نمبر: 9697 401 (321) 92+، 0911 3587 (42) 92+

Bank Alfalah

## نوٹس گمشدگی کاغذات



مکان نمبر 318 بلاک K/2 رقبہ دس مرلے واقع واپڈا ٹاؤن لاہور کے مالک محمد عتیق ولد چوہدری محمد شریف مورخہ 27 جون 2016 کو وفات پا گئے ہیں۔ ہم سارہ عتیق (بیوہ) عبدالوہاب اذکی عتیق، اسلوب عتیق اور طلحہ اور دیگر وغیرہ نے بعدالت جناب محمد زبیر خوری سول جج لاہور سے مورخہ 30 جنوری 2017 کو لیگل وارثان کی ڈگری حاصل کر لی ہے۔ ہم نے اس مکان نمبر 318 بلاک K/2 کے رجسٹرڈ نمبر شپ کے پوزیشن لیٹر لم ہو گئے ہیں۔ ہم نے مکان کو اپنے نام پر رجسٹر کروانا ہے۔ اس سلسلے میں اگر کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو سیکرٹری واپڈا ٹاؤن F/2 واپڈا ٹاؤن لاہور کو دس دن کے اندر اطلاع دی جائے ورنہ کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور سوسائٹی کسی قسم کے